مولانا عبدالباری فرنگی محلی کے سیاسی نظریات پر ایک ناقدانہ نظر
مکتوبات امام احمد رضا خان بریلوی
معہ
تنقیدات و تعاقبات
مرتبہ
گرامی قدر جناب ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب
ایم اے پی ایچ ڈی
مکتبہ نبویہ ○ گنج بخش روڈ لاہور

مولانا عبدالباری فرنگی محلی کے سیاسی نظریات پر ایک ناقدانہ نظر

مکتوبات امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ
مولانا پیر محمود احمد قادری

معہ

تنقیدات و تعاقبات

مرتبہ
گرامی قدر جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب
ایم اے۔ پی ایچ ڈی

مکتبہ نبویہ ۰ گنج بخش روڈ لاہور

نام کتاب ——— تنقیدات و تعاقبات معہ مکتوبات امام احمد رضا بریلوی

مرتب تنقیدات و تعاقبات ——— پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب ایم اے پی ایچ ڈی

مرتب مکتوبات ——— الشاہ پیر محمود احمد صاحب قادری

موضوع ——— تنقیدات و تنقیحات

حسب فرمائش ——— حکیم اہلسنت حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری بانی مجلس رضا

سال طباعت ——— ۱۹۸۸ء / ۱۴۰۸ھ

طابع ———

ناشر ——— مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

قیمت ——— ۴۸/- روپے

کر کے جمادی الآخر ۱۳۳۹ھ / ۱۹۲۱ء میں مندرجہ ذیل خلفاء اور تلامذہ کے ہاتھ بھیجدی۔

۱۔ صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی (م ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء)

۲۔ صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی اعظمی (م ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء)

۳۔ مولانا احمد مختار صدیقی میرٹھی (م ۱۳۵۷ھ / ۱۹۳۸ء)

۴۔ مولانا حشمت علی خاں لکھنوی (م ۱۳۸۰ھ / ۱۹۶۰ء)

اس کے بعد مولوی ریاست علی خاں کا خط (محررہ ۲۵ رجب ادی الثانی ۱۳۳۹ھ / ۱۹۲۱ء) ملا جس میں امام احمد رضا سے استفسار کیا گیا تھا کہ مرسلہ فہرست میں مندرج تمام اقوال کفریہ ہیں۔ یا بعض حرام اور بعض ناجائز؟ —— اس کے جواب میں امام احمد رضا نے یکم رجب المرجب ۱۳۳۹ھ / ۱۹۲۱ء کو خط لکھا جس کے جواب میں مولوی ریاست علی خاں نے لکھا کہ کفریات، محرمات اور ضلالات کو الگ کر دیا جائے۔ چنانچہ ۳ شعبان المعظم ۱۳۳۹ھ / ۱۹۲۱ء کے خط میں امام احمد رضا نے مندرجہ ذیل تین قسم کے توبہ نامے دستخط کر کے مولوی عبد الباری فرنگی محلی کو روانہ کئے۔

۱۔ تحریر مختصر ہدایت توبہ

۲۔ تحریر متوسط ہدایت توبہ

۳۔ تحریر مفصل ہدایت توبہ [1]

امام احمد رضا نے تحریر مختصر، تحریر متوسط اور تحریر مفصل کے آخر میں مندرجہ ذیل علمائے اہلسنت کی تصدیقات ثبت کرائیں کہ یہ سب حضرات امام احمد رضا کے اس فیصلے کی تائید کرتے ہیں کہ کلمات مندرجہ سراسر کفر و ضلالت ہیں۔

۱۔ صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی (م ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء)

۲۔ صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی اعظمی (م ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء)

۳۔ مولانا محمد عبد السلام صدیقی جبل پوری (م ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۲ء)

---

[1] تحریر مفصل کو دو فصلوں پر تقسیم کیا۔ فصل اول میں مرتدین کی حمایت میں مولانا عبد الباری نے جو کلمات کہے تھے مع حوالے ان کو جمع کیا اور فصل ثانی میں مشرکین ہند سے اتحاد کے ذیل میں جو اقوال کہے تھے ان کو جمع کیا۔ (مسعود)